| Narration | Time |
|---|---|
| لبرے آفس بیس پر اس سپوکن ٹیوٹوریل میں آپ کا استقبال ہے. | 00:00 |
| اس ٹیوٹوریل میں، ہم مندرجہ ذیل موضوع سیکھیں گے: انڈیکسیس ، ٹیبل فلٹر اور SQL کمانڈ ونڈو | 00:03 |
| پہلے انڈیکسِس کے بارے میں سیکھتے ہیں. | 00:14 |
| انڈیکس کیا ہے؟ | 00:16 |
| انڈیکس ڈیٹا بیس ٹیبل میں ریکارڈس کو تلاش کرنے اور ترتیب دینے کے لئے ایک تیز طریقہ ہے. | 00:18 |
| ہم ٹیبل میں ایک فیلڈ یا کئی فیلڈس کو منتخب کر سکتے ہیں جس میں ریکارڈس کی ترتیبی فہرست یعنی انڈیکس کرنے کی ضرورت ہے. | 00:26 |
| انڈیکس منتخب فیلڈ یا فیلڈس پر مبنی ریکارڈس کے مقام (location) کو جمع کرتا ہے. | 00:36 |
| لہذا ڈیٹا حاصل کرنے کے لئے ، بیس انڈیکس کا استعمال کرتے ہوئے براہ راست ڈیٹا کے مقام پر جا سکتا ہے. | 00:43 |
| ڈیٹا تلاش کرنے کے لئے سارے ریکارڈس کی سکینِنگ کے مقابلے یہ بہت تیز ہے. | 00:51 |
| ٹیبل کی پرائمری کی خودکار طریقے سے انڈیکسڈ (ترتیب وار) ہو جاتی ہے. | 00:59 |
| اب ہم Library ڈیٹا بیس مثال میں ایک انڈیکس بناتے ہیں. | 01:03 |
| ہم Books ٹیبل میں Title کالم پر ایک انڈیکس بنائیں گے، جو book titles پر تلاش کو تیز بنائے گا. | 01:09 |
| پہلے اپنا Library ڈیٹا بیس کھولتے ہیں، اگر پہلے سے نہیں کھلا ہے. | 01:18 |
| اور Edit موڈ میں Books ٹیبل کو کھولیں. | 01:34 |
| ٹیبل ڈیزائن ونڈو میں، Tools مینو پر جائیں اور Index Design منتخب کریں. | 01:39 |
| Indexes ونڈو میں، نوٹ کریں، کہ بیس نے پہلے ہی پرائمری کی کو unique Index کے طور پر لے لیا ہے. | 01:48 |
| اپنی انڈیکس بنانے کیلئے ، سب سے بائیں طرف کے آئکن ، 'New Index' پر کلک کریں. | 01:57 |
| اور دائیں طرف Index فیلڈ میں ڈراپ ڈاؤن فہرست میں Title منتخب کریں. | 02:05 |
| ہم یہاں Ascending یا Descending ترتیب بھی منتخب کر سکتے ہیں. | 02:14 |
| اور بائیں طرف پر تیسرے آئکن پر کلک کرکے اس انڈیکس کو پھر سے 'IDX_Title' نام دیں، اور اس کے Save آئکن کا استعمال کرکے اسے کریں | 02:19 |
| یہاں title فیلڈ پر ہمارا انڈیکس ہے. | 02:37 |

| | |
|---|---|
| 02:42 | اس طرح سے ہم بیس کا استعمال کرتے ہوئے ٹیبلس کے لئے انڈیکسیس کو بنانا، تبدیل کرنا، دوبارہ نام دینا یا ڈلیٹ کر سکتے ہیں. |
| 02:51 | یہاں آپ کے لئے ایک مشق ہے: |
| 02:54 | Members ٹیبل میں names پر ایک انڈیکس بنائیے اور اس کو 'IDX_MemberName' نام دیں. |
| 03:03 | آگے، دیکھتے ہیں کہ ٹیبل فلٹر کیا ہے. |
| 03:07 | ٹیبل فلٹر خصوصیت ہمیں دیگر اپلیکیشنز سے ٹیبلس کو بیس ڈیٹا بیس میں چھپانے کی اجازت دیتا ہے. |
| 03:15 | مثال کے طور پر، Library ڈیٹا بیس میں Books ٹیبل کے علاوہ تمام ٹیبلس کو چھپا دیتے ہیں. |
| 03:22 | اب، Table Filter (ٹیبل فلٹر) Tools مینو میں دستیاب ہے. |
| 03:27 | یہاں، 'All Views' کو چیک کریں اور Books table کو چیک کریں. |
| 03:33 | مطلب، ہم صرف Books ٹیبل کو دیگر اپلیکیشنس کی خاطر ظاہر کرنے کے لئے بنا رہے ہیں. |
| 03:39 | اب Ok بٹن پر کلک کریں. |
| 03:43 | پھر View مینو پر کلک کریں اور پھر Refresh Tables پر. |
| 03:50 | نوٹ کریں، کہ صرف Books ٹیبل یہاں نظر آ رہا ہے. |
| 03:54 | ساتھ ہی، جب اس ڈیٹا بیس تک لبرے آفس رائٹر یا Calc سے رسائی کرتے ہیں، ہم وہاں صرف Books ٹیبل دیکھتے ہیں. |
| 04:04 | یہاں ایک اور مشق ہے: |
| 04:06 | 1. لبرے آفس رائٹر کھولیں، Library ڈیٹا بیس تک رسائی حاصل کریں اور وہاں پر موجود ٹیبلس کو چیک کریں. |
| 04:14 | 2. بیس میں تمام ٹیبلس کو پھر سے دِکھائیں |
| 04:19 | 3. اور ٹیبلس کی موجودگی کو دوبارہ چیک کرنے کے لئے لبرے آفس رائٹر کو دوبارہ کھولیں. |
| 04:26 | آخر کار، SQL کمانڈ ونڈو کے بارے میں سیکھتے ہیں. |
| 04:31 | SQL کمانڈ ونڈو تک Tools مینو میں سے SQL منتخب کر کے رسائی کر سکتے ہیں. |
| 04:41 | ہم ڈیٹا بیس کو SQL سٹیٹمینٹس دینے کے لئے اس ونڈو کا استعمال کر سکتے ہیں. |
| 04:47 | اب، ہم SQL کویریس کو execute کرنے کے لئے کویریس کا بھی استعمال کر سکتے ہیں، لیکن یہاں ہم ڈیٹا بیس سے صرف ڈیٹا پوچھنے تک محدود ہیں. |

| | |
|---|---|
| 04:59 | مطلب، یہاں ہم صرف SELECT سٹیٹمیٹس جاری کر سکتے ہیں. |
| 05:04 | لیکن، ہم SQL سٹیٹمیٹس execute نہیں کر سکتے، جو یہاں ڈیٹا اور ٹیبل کی ساخت کو تبدیل یا نئے ٹیبلس بناتے ہیں. |
| 05:14 | اور SQL کمانڈ ونڈو ہمیں اس طرح کے ڈیٹا مینپیلیشن اور ڈیٹا ڈیفنِشن سٹیٹمیٹس یا زبان کا استعمال کرنے میں مدد کرتا ہے. |
| 05:24 | ڈیٹا مینپیلیشن لینگوئیج یا صرف DML کی مثالیں یہ ہیں: |
| 05:31 | INSERT، UPDATE اور DELETE ڈیٹا. |
| 05:37 | اور ڈیٹا ڈیفنِشن لینگوئیج یا صرف DDL کی کچھ مثالیں ہیں: |
| 05:45 | CREATE TABLE، DROP TABLE اور ALTER سٹیٹمیٹس. |
| 05:51 | ہم پہلے DML مثال دیکھیں گے. |
| 05:55 | بیس ونڈو میں، Tools مینو میں سے SQL کمانڈ ونڈو کھولیں. |
| 06:02 | "Command to execute" ٹیکسٹ علاقے میں ٹائپ کر کے Books ٹیبل میں نیا ریکارڈ شامل کریں: |
| 06:12 | INSERT INTO "Books" ("Title"، "Author"، "PublishYear"، "Publisher"، "Price") VALUES ('The Hobbit'، 'JRR Tolkien'، 2002، 'Oxford'، 500)؛ |
| 06:45 | Execute بٹن پر کلک کرنے سے پہلے، کمانڈ کو غور سے دیکھیں. |
| 06:52 | INSERT سٹیٹمینٹ ٹیبل کا نام اور فیلڈ نام اور پھر ویلیوس کی فہرست بناتا ہے، جن کو نئے ریکارڈ میں جانے کی ضرورت ہے. |
| 07:03 | نوٹ کریں، کہ ٹیبل کا نام اور فیلڈ کے نام ڈبل کوٹس میں بند ہیں. |
| 07:11 | ہم جانتے ہیں کہ بیس کیس سینسِٹیو ہوتا ہے اور ڈبل کوٹس اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ بیس ناموں کو ویسے ہی قبول کرے جیسے ہم نے بنائے. |
| 07:22 | اگر ہم کوٹس استعمال نہ کریں، بیس خودکار طریقے سے ناموں کو بڑے حروف میں تبدیل کر دے گا. |
| 07:31 | ہمیں ڈیٹا ٹائپ TEXT کی ویلیوس کو کوٹس میں رکھنا ہوگا. |
| 07:37 | NUMERIC فیلڈس کو کسی بھی کوٹس میں رکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی. |
| 07:43 | ساتھ ہی، ہمیں BookId فیلڈ شامل کرنے کی ضرورت نہیں ہے، جو کہ ایک AutoNumber فیلڈ ہے. |
| 07:51 | نمبر کو خود سے بنانے کی ذمہ داری بیس لے گا. |
| 07:56 | چلئے SQL ایکزِکیوٹ کریں۔ 'Command successfully executed' میسیج پر توجہ دیں. |

| | |
|---|---|
| 08:05 | اگر یہاں ہمارے لکھے گئے SQL میں کوئی ایررس ہوتے ہیں، تو بیس ان کی طرف اشارہ کرے گا. |
| 08:12 | Books ٹیبل پر ڈبل کلک کریں اور نئے ریکارڈ کو دیکھیں جسے ابھی شامل کیا ہے. |
| 08:18 | یہ آخری رو میں جڑ گیا ہے. |
| 08:23 | آگے، ایک DDL مثال دیکھتے ہیں. |
| 08:27 | ہم فیلڈس AuthorId، Author اور Country کے ساتھ Authors نامی نیا ٹیبل بنائیں گے. |
| 08:36 | SQL کمانڈ ونڈو میں، جیسا سکرین پر نظر رہا ہے ویسا ٹائپ کریں. |
| 08:43 | اور اسے execute کریں. |
| 08:47 | Tables فہرست پر واپس جائیں اور View مینو میں سے tables کو رفریش کریں. |
| 08:54 | یہاں نیا Authors ٹیبل ہے، جسے ہم نے ابھی بنایا ہے. |
| 08:59 | DML کے بارے میں مزید جاننے کے لئے، سکرین پر نظر رہی ویب سائٹ پر جائیں. |
| 09:06 | DDL کے بارے میں مزید جاننے کے لئے سکرین پر نظر رہی وکیپیڈیا ویب سائٹ پر جائیں. |
| 09:13 | یہاں آپ کے لئے ایک اور مشق ہے: |
| 09:16 | 1. BookId 3 کے ساتھ کتاب کی قیمت Rs. 300 تک تعین کرنے کے لئے UPDATE سٹیٹمینٹ استعمال کریں. |
| 09:26 | 2. " The Hobbit ' عنوان نامی book کو ڈلیٹ کریں |
| 09:30 | 3. Authors ٹیبل میں نیا ریکارڈ مصنف کا نام 'JRR Tolkien' اور ملک 'England' کا اضافہ کریں. |
| 09:41 | 4. DROP سٹیٹمینٹ استعمال کر کے ڈیٹابیس سے Authors table کو چھوڑ دیں. |
| 09:47 | اسی کے ساتھ ہم لبرے آفس بیس کے اس ٹیوٹوریل کے اختتام پر آ گئے ہیں. |
| 09:52 | مختصر میں، ہم نے مندرجہ ذیل موضوع سیکھے: انڈیکسیس، ٹیبل فلٹر اور SQL کمانڈ ونڈو |
| 10:01 | سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک -ٹو -ا - ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے . جسے حکومت ہند کے ایمیچارڈی وزارت کے قومی خواندگی مشن نے آئی سی ٹی (ICT) کے ذریعے حمایت کی ہے. |
| 10:13 | اس پروجیکٹ کی معاونت http://spoken-tutorial.org نے کی ہے. |
| 10:18 | اس پر مزید معلومات درج ذیل لنک پر دستیاب ہیں |
| 10:22 | اِس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاہت احمد نے کی ہے، ہمارے شریک ہونے کیلئے بہت شکریہ |